© rasailojaraid.com

ماہ ربیع الاوّل ۱۴۰۸ھ، جلد ۱۰، شمارہ نمبر ۱۰ : ۱۱ مطابق اکتوبر و نومبر ۱۹۸۷ء میں پیش کیا گیا ہے جو ہمارے سامنے ہے۔

بہت ہی شاندار سرورق، دونوں جانب سے تصویروں سے مزیّن، نفیس چھپائی، نئے طرز کے مباحث، تحقیق پر مبنی، زبان معتدل، یعنی عنوانوں میں شانِ ادبیت، (کہیں کہیں مصرعوں کا استعمال)، تصویریں، نقشے، خصوصاً سرورق کے دونوں طرف اندرونی جانب دیئے ہوئے بڑے نقشے بہت خوبصورت ہیں۔ لکھنے کا نقطۂ نظر صاف ستھرا اور فرقوں اور اختلافات سے بالاتر۔

اللہ تعالیٰ شاہ مصباح الدین شکیل صاحب اور سیّد امجد حسین صاحب اور پی۔ ایس۔ او کے ایسے تمام کارپردازوں کو جو اس نیک کام میں حصہ دار ہیں، بہترین جزا دے۔

اہلِ ذوق اور محبانِ رسالت (صلی اللہ علیہ وسلم) کو ہم توجہ دلاتے ہیں کہ وہ ایسی شاندار چیز کو ضرور حاصل کریں اور صرف خود ہی نہ پڑھیں، بلکہ اپنے گھروں کے تمام افراد کے علاوہ دوستوں اور ملنے والوں کو بھی اس سے مستفید کریں۔ اس طرح تحریر کا ہر نسخہ صدقۂ جاریہ بن جائے گا۔

ملک کی تمام پبلک لائبریریوں اور یونیورسٹیوں اور کالجوں اور اسکولوں کی لائبریریوں میں بھی اس سلسلۂ سیرت کو موجود ہونا چاہیے۔

---

| آئینۂ پرویزیت | از جناب عبدالرحمٰن کیلانی ۔ ناشر: مکتبۃ السلام، گلی نمبر ۲۰، وسن پورہ لاہور |
|---|---|

طباعت کتابت مناسب ۔ قیمت مکمل مجلد کتاب ۱۰۰/- روپیہ۔

حصہ اوّل سے حصہ ششم تک قیمتیں علی الترتیب: ۱۲/- روپے، ۲۱/- روپے، ۱۵/- روپے، ۲۰/- روپے، ۱۸/- روپے، ۱۵/- روپے۔

مؤلف جماعت اہلِ حدیث کی ایک متعارف شخصیت ہیں اور پہلے بھی متعدد اچھی کتابیں ان کے قلم سے آچکی ہیں۔

ہماری مغرب زدگی کے خاص خاص مظاہر میں سے ایک فتنۂ انکارِ حدیث ہے، جس نے مستشرقین کی طرف سے احادیث پر ہونے والے حملوں کے جواب میں علم و فکر کے میدان میں

© rasailojaraid.com